www.PapaCambridge.com

UNIVERSITY OF CAMBRIDGE INTERNATIONAL EXAMINATIONS
General Certificate of Education
Advanced Subsidiary Level and Advanced Level

**URDU** **8674/04**
**9686/04**

Paper 4 Texts

October/November 2005

**2 hours 30 minutes**

Additional Materials: Answer Booklet/Paper

**READ THESE INSTRUCTIONS FIRST**

If you have been given an Answer Booklet, follow the instructions on the front cover of the Booklet.
Write your Centre number, candidate number and name on all the work you hand in.
Write in dark blue or black pen on both sides of the paper.
Do not use staples, paper clips, highlighters, glue or correction fluid.

Answer any **three** questions, each on a different text. You must choose one question from Section 1, one from Section 2 and one other.
Write your answers in **Urdu** on the separate answer paper provided.
You should write between 500 and 600 words for each answer.
Dictionaries are not permitted.
You may take unannotated set texts into the examination.
All questions in this paper carry equal marks.
You are advised to divide your time equally between your answers.
At the end of the examination, fasten all your work securely together.

جواب لکھنے سے پہلے مندرجہ ذیل ہدایات پڑھ لیں۔

اگر آپ کو جواب لکھنے کی کاپی مہیا کی گئی ہے تو سرورق پر دی گئی ہدایات پر عمل کریں۔ اپنا نام، سینٹر نمبر اور امیدوار کا نمبر ہر جوابی کاپی پر لکھیں۔
صفحات کے دونوں طرف گہرے نیلے یا کالے رنگ کے قلم سے جوابات لکھیں۔
اسٹیپلز، پیپر کلپ، ہائی لائٹر، گوند یا کرکشن فلوئیڈ استعمال نہ کریں۔
لغت (ڈکشنری) استعمال کرنے کی اجازت نہیں ہے۔
آپ ایسی نصابی کتابیں کمرۂ امتحان میں لے جاسکتے ہیں جن پر ہاتھ سے کچھ لکھا ہوا نہ ہو۔

کوئی سے **تین** سوالوں کے جواب دیں لیکن ہر سوال کا تعلق مختلف افسانے، ناول یا ڈرامے سے ہونا چاہیئے۔ آپ کے لئے پہلے اور دوسرے حصّے سے ایک ایک سوال کا جواب دینا لازمی ہے جبکہ تیسرا سوال کسی بھی حصّے سے منتخب کیا جاسکتا ہے۔

اپنے جواب **اردو** میں لکھیں۔

آپ کا ہر جواب **500** سے **600** الفاظ پر مشتمل ہونا چاہیئے۔
اس پرچے میں دیئے گئے تمام سوالوں کے مارکس مساوی ہیں۔
امتحان کے آخر میں تمام جوابی کاپیوں کو ایک دوسرے کے ساتھ مضبوطی سے نتھی کر دیں۔

This document consists of **7** printed pages and **1** blank page.

www.PapaCambridge.com

## Section 1

**1** Muntakhab Ghazlein

منتخب غزلیں

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) درج ذیل اشعار کی تشریح اس طرح کیجیے کہ ان کا مفہوم اور شعری حسن پوری طرح واضح ہو جائے۔

گلوں میں رنگ بھرے بادِ نو بہار چلے — چلے بھی آؤ کہ گلشن کا کاروبار چلے
قفس اداس ہے یارو صبا سے کچھ تو کہو — کہیں تو بہرِ خدا آج ذکرِ یار چلے
کبھی تو صبح ترے کنجِ لب سے ہو آغاز — کبھی تو شب سرِ کاکل سے مشکبار چلے
بڑا ہے درد کا رشتہ ، یہ دل غریب سہی — تمہارے نام پہ آئیں گے غم گسار چلے
جو ہم پہ گذری سو گذری مگر شبِ ہجراں — ہمارے اشک تری عاقبت سنوار چلے
حضورِ یار ہوئی ، دفترِ جنوں کی طلب — گرہ میں لے کے گریباں کا تار تار چلے

مقامِ فیض کوئی راہ میں جچا ہی نہیں
جو کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے

یا

(ب) غالب کی شاعری کسی ایک دور کے لیے مخصوص نہیں ہے۔ اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔ [25]

2 Intekhab - é - Urdu Shairi

انتخابِ اردو شاعری

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

تہمتیں چند اپنے ذمّے دھر چلے جس لیے آئے تھے ، سو ہم کر چلے
زندگی ہے یا کوئی طوفان ہے ہم تو اس جینے کے ہاتھوں مر چلے
کیا ہمیں کام ان گلوں سے ؟ اے صبا ایک دم آئے اِدھر ، اُدھر چلے
شمع کی مانند ہم اس بزم میں چشم تر آئے تھے ، دامن تر چلے
ڈھونڈتے ہیں آپ سے اس کو پرے شیخ صاحب چھوڑ گھر باہر چلے
ساقیا! یاں لگ رہا ہے چل چلاؤ جب تلک بس چل سکے ، ساغر چلے
دردؔ ، کچھ معلوم ہے ؟ یہ لوگ سب کِس طرف سے آئے تھے کیدھر چلے

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) میرؔ درد کی شاعری میں تصوف کا رنگ نمایاں نظر آتا ہے۔مندرجہ بالا غزل کے حوالے سے اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) جوشؔ کی نظم روایت اور جدّت کا حسین سنگم ہے۔اس بارے میں اپنی رائے تفصیل سے لکھیے۔

[25]

www.PapaCambridge.com

**3** Muntakhab Nazmein

**منتخب نظمیں**

سوال (الف) اورسوال (ب) میں سےصرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف)

پرندوں کی طرح شاخوں میں چھپ کر جھولتا، مُڑتا
مجھے اک لڑکا ، آوارہ منش ، آزاد و سیلانی
مجھے اک لڑکا ، جیسے تُند چشموں کا ، رواں پانی
نظر آتا ہے ، یوں لگتا ہے ، جیسے یہ بلائے جاں
مرا ہمزاد ہے ، ہرگام پر ، ہر موڑ پر جولاں
اسے ہمراہ پاتا ہوں ، یہ سائے کی طرح میرا
تعاقب کر رہا ہے ، جیسے میں مفرور ملزم ہوں
یہ مجھ سے پوچھتا ہے اخترالایمان تم ہی ہو؟

(i) مندرجہ بالا اشعار کی تشریح کیجیے۔

(ii) اس نظم کے حوالے سے اخترالایمان کے اندازِ بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) ساحؔر کا عوامی لہجہ ان کی سب سے بڑی پہچان ہے۔تبصرہ کیجئے۔

[25]

## 4 Bangé - Dara

www.PapaCambridge.com

سوال (الف) اور سوال (ب) میں سے صرف ایک سوال کا جواب لکھیں۔

(الف) اقبال کی نظم ''شکوہ'' کے درج ذیل اشعار کی تشریح سیاق وسباق کے حوالے سے اس طرح کیجیے کہ ان کا مفہوم پوری طرح واضح ہو جائے۔

کون سی قوم فقط تیری طلب گار ہوئی ؟ اور تیرے لیے زحمت کشِ پیکار ہوئی ؟
کس کی شمشیر جہانگیر ، جہاندار ہوئی؟ کس کی تکبیر سے دنیا تری بیدار ہوئی؟

کس کی ہیبت سے صنم سہمے ہوئے رہتے تھے
منہ کے بل گر کے ھو اللہ احد کہتے تھے

آ گیا عین لڑائی میں اگر وقتِ نماز قبلہ رو ہو کے زمیں بوس ہوئی قومِ حجاز
ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

بندہ و صاحب و محتاج و غنی ایک ہوئے!
تیری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے!

یا

(ب) ''شکوہ'' اردو کی بڑی نظموں میں سے ایک ہے۔ اقبال کی شاعری کے حوالے سے اس بارے میں اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجیے۔

[25]

## Section 2

**5** Mirza Ruswa, *Umrao Jaan Ada*

۵۔مرزا رسوا ۔ امراؤجان ادا

(الف) '' امراؤجان ادا '' کے کردار میں ایک گھریلو عورت اور ایک طوائف کا تصادم نظر آتا ہے۔ناول کی روشنی میں اس بیان پر تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' امراؤجان ادا '' ایک طوائف کے روپ میں زیادہ خوش نظر آتی ہے۔تبصرہ کیجئے۔ [25]

**6** Nazir Ahmad, *Miratul-Uroos*

٦۔ نذیر احمد ۔ مراۃالعروس

(الف) '' مراۃالعروس '' کے مردانہ کرداروں کے بارے میں تفصیل سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' مراۃالعروس '' ڈپٹی نذیر احمد کا ایک شاہکار ناول ہے۔بحث کیجیے۔ [25]

www.PapaCambridge.com

www.PapaCambridge.com

**7** Imtiaz Ali Taj, *Anar Kali*

تاج۔ انارکلی

(الف) '' انارکلی نے ایک سوچے سمجھے منصوبے کے تحت شہزادہ سلیم سے محبت کا ڈھونگ رچایا تھا'' ۔اس بارے میں اپنی رائے کا تفصیل سے اظہار کیجئے۔

یا

(ب) اردو ڈراموں میں انارکلی کا کیا مقام ہے؟ بحث کیجیے۔ [25]

**8** *Urdu Ké Tera Afsané*

۸ ۔ اردو کے تیرہ افسانے

(الف) پریم چند اردو افسانہ نگاری میں ایک منفرد مقام کے حامل ہیں۔افسانہ '' کفن '' کے حوالے سے تبصرہ کیجیے۔

یا

(ب) '' اپنے دکھ مجھے دیدو '' میں بیدؔی کا فن اپنے نقطۂ عروج پر نظر آتا ہے۔بحث کیجیے۔ [25]

**BLANK PAGE**

www.PapaCambridge.com

*Copyright Acknowledgements:*

Question 1 Faiz Ahmed Faiz; *Nuskha Haaye Wafa*; © Copyright Maktaba-e-Karwan Publishers.
Question 2–3 Dr Saleem Akhtar; *Naiya Urdu Nissab*; © Sang-e-Meel Publications.
Question 4 © Mohammed Iqbal; *Kulliat-e-Iqbal*; Sheikh Ghulam Ali and Sons.

Permission to reproduce items where third-party owned material protected by copyright is included has been sought and cleared where possible. Every reasonable effort has been made by the publisher (UCLES) to trace copyright holders, but if any items requiring clearance have unwittingly been included, the publisher will be pleased to make amends at the earliest possible opportunity.

University of Cambridge International Examinations is part of the University of Cambridge Local Examinations Syndicate (UCLES), which is itself a department of the University of Cambridge.